پرائمری اسکول شروع کرنا؟

وکٹوریہ میں پرائمری اسکول میں اپنے بچے کا داخلہ کروانے والے والدین کے لئے امیونائزیشن یعنی حفاظتی ٹیکوں کے بارے میں معلومات

امیونائز یعنی حفاظتی ٹیکے کیوں؟

بچے جب اسکول جانا شروع کرتے ہیں تو ان کا بہت سے لوگوں اور کئی طرح کی ممکنہ خطرناک بیماریوں سے پالا پڑتا ہے۔

امیونائزیشن یعنی حفاظتی ٹیکے ان بیماریوں سے بچنے کا ایک آزمودہ اور محفوظ طریقہ ہے جن سے شدید علالت یا بعض اوقات موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔

پرائمری اسکول میں داخلہ کروانے کا وقت اس بات کو چیک کرنے کا ایک اچھا موقع ہے کہ آیا آپ کے بچے کی امیونائزیشن مکمل ہے۔

امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ کیا ہے؟

یہ آسٹریلین امیونائزیشن رجسٹر (AIR) کی جانب سے ایک ایسی اسٹیٹمنٹ ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کے بچے کو کونسی ویکسینز لگ چکی ہیں۔

قانون کے مطابق، اپنے بچے کا پہلی دفعہ داخلہ کرواتے ہوئے یا نئے پرائمری اسکول جانا شروع کرتے ہوئے آپ کو AIR سے بچے کی موجودہ امیونائزیشن ہسٹری پرائمری اسکول کو فراہم کرنا ہوگی۔

اگر آپ کے بچے کو کوئی امیونائزیشن نہیں لگی تو بھی آپ کو ایک موجودہ امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ فراہم کرنا ہوگی جس پر لکھا ہو کہ کوئي ویکسین نہیں دی گئی۔

اسٹیٹمنٹ کس مقصد کے لئے استعمال کی جاتی ہے؟

یہ بچوں کو محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ کوئی ایسی وباء جو امیونائزیشن سے روکی جاسکتی ہے، اس کے پھیلنے کی صورت میں ایسے بچوں کی تیزی سے شناخت کی جاسکتی ہے جنہیں امیونائز نہیں کیا گیا اور ضرورت ہونے پر انفیکشن کا خطرہ ٹلنے تک انہیں اسکول سے الگ رکھا جاسکتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل لنک پر 'اسکول ایکسکلوژن ٹیبل' (school exclusion table) دیکھیں:

https://www2.health.vic.gov.au/public-health/infectiousdiseases/school-exclusion/school-exclusion-table

اگر آپ اسکول کو *امیونائزیشن ہسٹری* اسٹیٹمنٹ فراہم نہیں کرتے تو اسکول میں وباء پھیلنے کی صورت میں آپ کے بچے کو اسکول سے الگ کیا جاسکتا ہے کیونکہ اس کی امیونائزیشن کی حیثیت نامعلوم ہوگی۔

قانون کے مطابق، تمام والدین کو اپنے بچے کے پرائمری اسکول میں داخلے کے لئے AIR کی جانب سے *امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ* فراہم کرنا ہوگی۔

میں *امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ* کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

اپنے بچے کی اسٹیٹمنٹ حاصل کرنے کا سب سے تیز طریقہ یہ ہے کہ آپ myGov کے ذریعے اپنا میڈی کیئر آن لائن اکاؤنٹ استعمال کریں یا ایکسپریس پلس میڈی کیئر موبائل ایپ استعمال کریں۔

متبادل طور پر، آپ AIR کو 809 653 1800 پر کال کر کے درخواست کرسکتے ہیں کہ آپ کے بچے کی اسٹیٹمنٹ آپ کو بذریعہ ڈاک بھیجی جائے۔ آپ کی اسٹیٹمنٹ کو بذریعہ ڈاک آنے میں 14 دن تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔

VICTORIA State Government
Health and Human Services

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے بچے کی *امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ* نامکمل ہے یا درست نہیں ہے تو اپنے امیونائزیشن پروائیڈر سے رابطہ کریں۔

اگر میرے بچے کو امیونائزیشن یعنی حفاظتی ٹیکے آسٹریلیا سے باہر لگے ہوں یا اگر میرا بچہ میڈی کیئر کے لئے اہل نہ ہو تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟

آپ آسٹریلیا سے باہر لگنے والی امیونائزیشن یعنی حفاظتی ٹیکوں کو AIR میں شامل کروا سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے بچے کو آسٹریلیا سے باہر لگنے والی امیونائزیشن ہسٹری کی ایک انگریزی میں ترجمہ شدہ نقل لے کر اپنے آسٹریلوی امیونائزیشن پرووائیڈر کے پاس جانا ہوگا۔ وہ آپ کے بچے کو لگنے والی ویکسینز چیک کریں گے اور اگر اضافی ویکسینز لگنے کی ضرورت ہوئی تو آپ کو بتائیں گے۔ وہ آسٹریلیا سے باہر لگنے والی ویکسینز کے ساتھ ساتھ کسی طرح کی نئی لگنے والی ویکسینز کا AIR میں اندراج کردیں گے۔

جب آپ کے بچے کی امیونائزیشنز کا اندراج AIR میں ہوجائے تو اپنے امیونائزیشن پرووائیڈر سے کہیں کہ وہ آپ کو AIR سے *امیونائزیشن ہسٹری اسٹیٹمنٹ* کا ایک پرنٹ دے دیں تاکہ آپ وہ پرنٹ اپنے بچے کے پرائمری اسکول کو فراہم کرسکیں۔

متبادل طور پر آپ AIR کو 809 653 1800 پر کال کرکے چیک کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کے بچے کی امیونائزیشنز ریکارڈ کرلی گئی ہیں اور درخواست کرسکتے ہیں کہ اسٹیٹمنٹ آپ کو بذریعہ ڈاک بھیجی جائے۔ بذریعہ ڈاک آنے میں 14 دن تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔

ترجمے اور زبانی مترجم کی خدمت سے مدد لینے کے لئے انہیں سوموار تا جمعہ صبح 8.30 بجے سے شام 4.45 بجے تک 131 450 پر کال کی جاسکتی ہے۔

Translating and interpreting service
Call 131 450

میں مزید معلومات کیسے حاصل کرسکتا ہوں؟

مزید معلومات کے لئے www.betterhealth.vic.gov.au پر 'childhood immunisation' تلاش کریں۔

اس دستاویز کے ترجمہ شدہ شماروں کے لئے www.healthtranslations.vic.gov.au پر جائیں اور 'starting primary school' تلاش کریں۔

اس اشاعت کو معذور افراد کے لئے دوستانہ شکل میں حاصل کرنے کے لئے immunisation@dhhs.vic.gov.au پر ای میل کریں

حکومت وکٹوریہ 1 Treasury Place, Melbourne نے اجازت دی اور شائع کیا۔

©State of Victoria، ستمبر 2018

Starting primary school?

Immunisation information for parents enrolling a child into primary school in Victoria

Why immunise?

Children starting school are exposed to a large number of people and to a range of potentially dangerous diseases.

Immunisation is a proven and safe way to be protected against diseases that may cause serious illness and sometimes death.

Enrolling in primary school is a good time to check your child's immunisations are up to date.

What is an *Immunisation History Statement?*

It is a statement from the Australian Immunisation Register (AIR) that shows what vaccines your child has received.

By law, you must provide a current Immunisation History Statement from the AIR to the primary school when enrolling your child for the first time or when going to a new primary school.

If your child has not received any immunisations, you must still provide a current Immunisation History Statement, which states no vaccines have been given.

What is the statement used for?

To keep children safe. In the event of a vaccine preventable disease outbreak, unimmunised children can be quickly identified and may be required to be excluded from school until the risk of infection has passed. For further information refer to the 'school exclusion table' at: https://www2.health.vic.gov.au/public-health/infectiousdiseases/school-exclusion/school-exclusion-table

If you do not provide an *Immunisation History Statement* to the school, your child may be excluded from school during a disease outbreak because their immunisation status will be unknown.

By law, all parents must provide a current *Immunisation History Statement* from the AIR to enrol their child in primary school.

How do I obtain an *Immunisation History Statement*?

The quickest way to get your child's statement is by using your Medicare online account through myGov or the Express Plus Medicare mobile app.

Alternatively, you can call the AIR on 1800 653 809 and request for your child's statement to be posted to you. It can take 14 days for your statement to arrive by post.

VICTORIA State Government | Health and Human Services

If you think your child's *Immunisation History Statement* is incomplete or incorrect, contact your immunisation provider.

What if my child has had immunisations overseas or they are not eligible for Medicare?

You can get overseas immunisations added to the AIR. You need to take a translated copy of your child's overseas immunisation history to your Australian immunisation provider. They will check the vaccines your child has had and tell you if any additional ones are required. They will update the AIR with immunisations given overseas as well as any new ones.

When your child's immunisations are recorded on the AIR, ask your vaccination provider if they can print an *Immunisation History Statement* from the AIR for you to give to your child's primary school.

Alternatively, you can call the AIR on 1800 653 809 to check if your child's immunisations have been recorded and request a statement to be posted to you. It can take up to 14 days to arrive by post.

A translating and interpreting service is available by calling 131 450, Monday to Friday from 8.30am to 4.45pm.

Interpreter

Translating and interpreting service
Call 131 450

How can I find out more?

For more information search 'childhood immunisation' on www.betterhealth.vic.gov.au

For translated versions of this document go to www.healthtranslations.vic.gov.au and search 'starting primary school'

To receive this publication in an accessible format email immunisation@dhhs.vic.gov.au

Authorised and published by the Victorian Government,
1 Treasury Place, Melbourne. © State of Victoria, September 2018.